# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 26 September 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۶ ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت: 09.00 سے 09.10 بجے

***** ***** *****

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ وزیراعظم آج مہاراشٹر کے دورے پر ' مختلف ترقیاتی منصبوں سمیت بڑکن صنعتی علاقہ کوقوم کے نام وقف کریں گے

☆ بدلاپور بچوں کے جنسی استحصال معاملہ میں پولس اِنکاؤنٹر سے متعلق بامبے ہائی کورٹ کا سوالیہ نشان

☆ ریزرویشن کے مطالبہ کے لیے منوج جرانگے پاٹل کی بھوک ہڑتال ختم ' او بی سی احتجاجیوں کی بھوک ہڑتال بھی ختم

اور

☆ مراٹھواڑہ میں ہرطرف بارش ' جائیکواڑی سمیت تیرنا 'عیسیٰ پور اور مانجرا آبی پشتوں سے پانی کا اخراج شروع

اب خبریں تفصیل سے...

وزیراعظم نریندر مودی آج مہاراشٹر کے دورے پر آرہے ہیں۔ اُن کے ہاتھوں ملک بھر کے 22 ہزار 600 کروڑ روپیوں سے زیادہ کے مختلف ترقیاتی منصبوں کا سنگ بنیاد و افتتاح ہوگا۔ پونے میٹرو کی ضلع عدالت تا سوارگیٹ خدمات کی شروعات اور سوارگیٹ کا ترج میٹرو کا سنگِ بنیاد اور بھِڈے واڑہ میں ساوِتری بائی پھُلے میموریل کا سنگِ بنیاد وزیراعظم کے ہاتھوں رکھا جائے گا۔ اِس کے علاوہ 3 پرم رُدرد کمپیوٹر کی نقاب کشائی' ٹرک ڈرائیوروں کے لیے ہائی وے کے قریب تمام سہولیات سے آراستہ ایک ہزار گیسٹ ہاؤس کی نقاب کشائی' ملک بھر کے الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ اسٹیشن سمیت 20 ایل پی جی اسٹیشنوں اور شولاپور ہوائی اڈہ کی افتتاح وزیراعظم کے ہاتھوں ہوگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے قریب بڑکن صنعتی منصوبہ کو وزیراعظم قوم کے نام وقف کریں گے۔ دِلّی ممبئی صنعتی کاریڈور کے تحت تقریباً 7 ہزار 855 ایکر رقبہ کے 3 مرحلوں کے اِس منصوبہ کے لیے مرکزی حکومت نے 6 ہزار 400 کروڑ روپئے منظور کیے ہیں۔ شیندرا کے آرِک ہال میں اِس پروگرام کا نشریہ ملاحظہ کرنے کی سہولت فراہم کیے جانے کی اطلاع پروجیکٹ منیجر ارون دوبے نے دی ہے۔

***** ***** *****

بدلا پور بچوں کے جنسی زیادتی معاملہ کے اصل ملزم اکشئے شندے کی موت کو انکاؤنٹر ماننا مناسب نہ ہونے کی بات بامبے ہائی کورٹ نے کہی ہے۔ جسٹِس ریوتی موہتے ڈیرے اور جسٹِس پرتھوی راج چوہان کی بینچ نے کل ہوئی سماعت میں یہ بات کہی ہے۔
کورٹ نے کہا کہ اِس معاملہ کی غیر جانبدارنہ جانچ کی امید ہے اور اگراس طرح نظر نہ آئے تو ہمیں ہمیں حکم جاری کرنا پڑے گا۔

***** ***** *****

مراٹھا سماج کو او بی سی ریز رویشن دینے کے مطالبے کے لیے جالنہ ضلع کے انتر والی سراٹی میں گزشتہ 9/دنوں سے بھوک ہڑتال کر رہے منوج جرانگے پاٹل نے کل ہڑتال ختم کردی۔ جرانگے نے کہا کہ اب بھوک ہڑتال کر کرنہیں بلکہ حکومت میں بیٹھ کرریزرویشن لیں گے۔
دریں اثناء او بی سی سماج کے احتجاج کی حمایت کے لیے ہنگولی ضلعے کے ڈونگر گاؤں میں لوگوں نے کل کیا دھوندی میں اُتر کر احتجاج کیا۔
دریں اثناء اوبی سی احتجاجی لکشمن ہاکے اور نو ناتھ واگھمارے نے بھی بے مدت بھوک ہڑتال کل ختم کردیا۔ اُنھیں جالنہ کے نجی اسپتال میں بغرض علاج شریک کروایا گیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع پریشد سی ای او مینل کرنوال نے کہا ہے کہ ناندیڑ ضلع کے کسانوں اور خواتین بچت گٹوں کے لیے ہر تعلقہ میں مائیکرو پروسیسنگ صنعت قائم کی جائے گی۔ ضلع کے اہم فصلوں کے کچے مال کو پکے مال میں تبدیل کر کے نرخوں کی ایک زنجیر تیار کرنا اِس اسکیم کا مقصد ہے۔
اِس اسکیم کے لیے ناندیڑ ضلعے سے 16/بچت گٹوں کا انتخاب عمل میں آیا ہے اور بچت گٹوں کی جانب سے صنعت کے قیام کی کارروائی مکمل کرنے کے بعد اُنھیں 3/لاکھ روپئے تک کی امداد دی جائے گی۔

***** ***** *****

وزیر اعظم قبائلی دیہی ترقی مہم کے تحت مہاراشٹر کے 4/ہزار 975/آدیواسی گاؤں کی تصویر بدلے گی اور ریاست کے 32/اضلاع کے تقریباً 13/لاکھ آدیواسیوں کی سماجی و معاشی خودمختاری ممکن ہوگی۔ اِن میں ہنگولی ضلعے کے 81/جبکہ ناندیڑ ضلعے کے 169/گاؤں میں شامل ہیں۔

***** ***** *****

ریاست کے کئی علاقوں میں بارش جاری ہے۔ آبی منصوبوں میں کافی بڑھوتری ہوئی ہے۔ کئی آبی منصوبوں سے پانی کا اخراج شروع کیا گیا ہے۔ چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے پیٹھن آبی منصبوں سے پانی کا اخراج کو بڑھا دیا گیا ہے۔ کل رات ڈیم کے 8/دروازے آدھے فیٹ سے ایک فیٹ جبکہ 2/دروازے ڈیڑھ فیٹ تک کھولے گئے ہیں اور اُن سے 19/ہزار 992/مکعب فی سیکینڈ کی رفتار سے پانی گوداوری ندی میں چھوڑا جارہا ہے۔
ندی کے قریب گاؤں کے لوگوں سے احتیاط برتنے کی اپیل محکمہ آب پاشی نے کی ہے۔

***** ***** *****

لاتور اور دھاراشیو اضلاع کی سرحد پر واقع نمن تیرنا آبی پُشتہ کے 14/دروازوں سے 10/ہزار 704/مکعب فی سیکینڈ کی رفتار سے پانی کا اخراج جاری ہے۔ جس کی وجہ سے تیرنا ندی کے قریب بسنے والے لوگوں سے احتیاط برتنے کی اپیل کی گئی ہے۔ بارش کی وجہ سے پیش آئے حالات کا جائزہ رابطہ وزیر گیریش مہاجن نے کل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ کیا۔ انھوں نے سیلابی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے احکامات دیے۔ لاتور کی ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکُر گھوگے نے کل مانجرا ندی کے ناگ جھری باندھ کا دورہ کیا اور احتیاطی تدابیر کا جائزہ لیا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے عیسیٰ پور آبی پُشتہ کے 3/دروازے کھول کر پانی پین گنگا ندی میں ایک ہزار 35/مکعب فی سیکنڈ کی رفتار سے چھوڑا جا رہا ہے۔ بیڑ ضلع کا مانجرا آبی منصوبہ بھی 95/فیصد سے زیادہ بھر چکا ہے اور اِس میں سے پانی کا اخراج شروع کیا گیا ہے۔ مانجرا ندی کے قریب بسنے والے لوگوں سے احتیاط برتنے کی اپیل کی گئی ہے۔

دریں اثناء چھترپتی سنبھاجی نگر ' جالنہ ' پربھنی ' بیڑ ' ہنگولی اضلاع کے لیے محکمہ موسمیات نے آج آرینج الرٹ جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

صفائی ہی خدمت پندھرواڑے کے تحت ہنگولی بلدیہ دفتر میں مختلف سرگرمیاں چلائی جا رہی ہیں۔ اِس سلسلے میں کل رانگولی مقابلے منعقدہ ہوئے۔ اِن مقابلوں میں 32/افراد نے شرکت کر کے صفائی ہی خدمت 'پاسٹک سے پاک شہر' صاف خوبصورت اور سبز ہنگولی سمیت دیگر موضوعات پر مبنی رانگولی بنائی۔

***** ***** *****

پُرانی پینشن اسکیم نافذ کرنے سمیت دیگر مطالبات کی یکسوئی کے لیے اساتذہ تنظیموں کی جانب سے کل دھاراشیو ضلع کلکٹر دفتر پر مورچہ نکالا گیا۔ ضلع پریشد اسکولوں سمیت دیگر خانگی اسکولوں کے معلمین اِس مورچے میں شریک ہوئے۔ اساتذہ تنظیموں کی جانب سے اِقامتی نائب کلکٹر شوبھا جادھو کو مختلف مطالبات پر مشتمل ایک محضر پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

بزرگ فلم ساز مَدھورا جسراج کل ممبئی میں اپنے رہائشی مکان میں انتقال کر گئی۔ وہ 86/برس کی تھیں۔ اُن کے جسدِ خاکی پر آج آخری رسومات ادا کی جائیں گی۔ آنجہانی مَدھورا معروف فلم ساز وی شانتارام کی دُختر اور آنجہانی شاستریہ کلوکار پنڈت جسراج کی اہلیہ تھیں۔

***** ***** *****

جموں۔ کشمیر میں انتہا پسندوں کے ساتھ تصادم میں دیپک بنسوڑے نامی فوجی جوان شہید ہو گیا۔ وہ بلڈانہ ضلعے کے پڑس کھیڑنا گو قصبے کا ساکن تھا۔ اُن کے جسدِ خاکی پر اُن کے آبائی گاؤں میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ آخری رسومات ادا کی جائیں گی۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے آٹھوں اضلاع کے سابق فوجیوں کے بیواؤں' والدین اور معمر فوجیوں کے لیے کل 27/ستمبر کو چھترپتی سنبھاجی نگر میں ایک پروگرام کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اِس خصوصی پروگرام میں سبک دوشی وظیفے سمیت اِسپرش اسکیم سے متعلق تمام دشواریوں کو دور کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ چھترپتی سنبھاجی نگر کے چھاؤنی علاقے میں ہونے والے اِس پروگرام سے استفادہ کرنے کی اپیل ضلع فوجی بہبود دفتر کے افسران نے کی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے دھرماپوری گیان سادھنا پرتشٹھان کے گیان سادھنا فارمیسی کالج میں کل فارمیسی دن منایا گیا۔ اِس دوران بیداری پر مبنی اسٹریٹ ڈرامے ' سماجی ذمہ داریوں پر مذاکرہ فارماسِسٹ کے فرائض سے متعلق عہد سمیت دیگر سرگرمیاں عمل میں لائی گئیں۔

***** ***** *****

مہاراشٹر کے واڑھون اور گریٹ نِکو بار جزیروں پر گلاتھی خلیج میں نئی بندر گاہیں قائم کی جا رہی ہیں۔ ترقیات بندر گاہ، جہاز رانی اور آبی گزر گاہوں کے مرکزی وزیر سروانند سونوال نے یہ جانکاری دی۔ سروانند سونو وال نے ملک بھر کی بندر گاہوں پر مالی لین دین آئندہ 5 سالوں میں دوگنا ہو جانے کا یقین بھی ظاہر کیا۔

***** ***** *****

**آخر میں اِس بُلیٹن کی خاص خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سُن لیجیے . . .**

☆ **وزیر اعظم آج مہاراشٹر کے دورے پر، مختلف ترقیاتی منصبوں سمیت بڑ کن صنعتی علاقہ کو قوم کے نام وقف کریں گے**

☆ **بدلا پور بچوں کے جنسی استحصال معاملہ میں پولس اِنکاؤنٹر سے متعلق بامبے ہائی کورٹ کا سوالیہ نشان**

☆ **ریزرویشن کے مطالبہ کے لیے منوج جرانگے پاٹل کی بھوک ہڑتال ختم، او بی سی احتجاجیوں کی بھوک ہڑتال بھی ختم اور**

☆ **مراٹھواڑہ میں ہر طرف بارش، جائیکواڑی سمیت تیرنا، عیسیٰ پور اور مانجرا آبی پشتوں سے پانی کا اخراج شروع**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سُن سکتے ہیں۔**

☆☆☆☆